© rasailojaraid.com

موصوف کی نظم ہر سال کتنے ذوق و شوق سے سُنی جاتی ہے - آپ اسلامی درد رکھنے والے ایک کہنہ مشق شاعر ہیں - اس مجموعہ میں قریب قریب وہ تمام نظمیں جمع کر دی گئیں ہیں جو آپ وقتاً فوقتاً مختلف مجالس میں پڑھتے رہے ہیں - کاغذ، لکھائی اور چھپائی دیدہ زیب ہے - کتاب مجلد ہے قیمت ایک روپیہ - انجمن حمایت اسلام لاہور سے مل سکتی ہے -

**ایمان درسِ قرآن نمبر** | یہ سلسلہ مرکزی سیرت کمیٹی پٹی - ضلع لاہور کی جانب سے شروع کیا گیا ہے جسکا مقصد یہ ہے کہ قرآن مجید کا ترجمہ سلیس اور عام فہم زبان میں عوام تک پہونچایا جائے اور اسکے معارف بھی اس طرح بیان کیے جائیں کہ پڑھتے ہی ہر ایک کے دلنشین ہو جائیں - بلاشبہ یہ ایک مفید خدمت ہے - چندہ سالانہ درجہ اول ایک روپیہ اور درجہ دوم آٹھ آنہ - ملنے کا پتہ: قاضی عبدالمجید قرشی سیکرٹری سیرت کمیٹی پٹی، ضلع لاہور

**انبیا کے دو دشمن** | اس مختصر پمفلٹ میں یہ بتایا گیا ہے کہ حکام وقت اور سرمایہ دار ہر زمانہ میں انبیا علیہم السلام کے دشمن رہے ہیں اور جب قوم پر بھی خدا کی طرف سے کوئی قہر نازل ہوا اس کا باعث انہی دو گروہوں کی بد اعمالیاں ہوئی ہیں - انہوں نے نہ صرف خود انبیا سے دشمنی کی بلکہ اپنے اثر و اقتدار سے کام لیکر عوام کے دلوں کو بھی احکام الٰہی سے منحرف کر دیا - مصنف نے اس کے ثبوت میں قرآن مجید سے جابجا استشہاد کیا ہے اور حضرت نوحؑ سے لے کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیا کی مطہر زندگیوں سے جستہ جستہ مثالیں پیش کی ہیں - قیمت ۴؍ مکتبۂ اسلامیہ اندرون موچی دروازہ لاہور

**ہندوستانی کیا ہے** | سید مہدی حسین صاحب (عثمانیہ) قیمت ا؍ - بزم ادب - عثمان شاہی شمس منزل - حیدرآباد دکن -

اردو، ہندی یا ہندوستانی زبان کا جو جھگڑا اس وقت ہندوستان کے مقتدر اصحاب کے دماغوں کو پریشان کر رہا ہے، اس پہ تبصرہ کرتے ہوئے صاحب مقالہ نے یہ خیال ظاہر کیا ہے

© rasailojaraid.com